مذاکرہ

سید مودودی اور جماعت کا کردار

ہم نے ملک کی معروف شخصیتوں کو پاکستان اور عالم اسلام میں اسلامی نشاۃ ثانیہ کی تحریک میں سید ابوالاعلیٰ مودودی رحمۃ اللہ علیہ اور جماعت اسلامی کے فکری اور عملی کردار پر اظہار خیال کی دعوت دی تھی۔ جو جواب موصول ہوئے' وہ ہم یہاں پیش کر رہے ہیں۔ تاخیر سے موصول ہونے والے جوابات آیندہ کسی شمارے میں پیش کیے جائیں گے۔ (مدیر)

ڈاکٹر انعام الحق کوثر

سابق چیئرمین' بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ

تحریکِ اسلامی کا دائرۂ کار صرف اپنے ملک تک محدود نہیں ہے بلکہ یہ ساری اسلامی دنیا پر محیط ہے۔ دنیا میں کوئی مسلمان ملک ایسا نہیں جہاں اسلامی نظام کے عملی نفاذ کے لیے تحریک نہ چل رہی ہو۔ اور جہاں بھی یہ تحریک اپنا وجود رکھتی ہے' اس کی سوچوں کے دھاروں کو 'جماعت اسلامی' کا لٹریچر فکر مہیا کر رہا ہے۔

سید ابوالاعلیٰ مودودی بلاشک و شبہ نابغہ روزگار تھے۔ قدرت نے انھیں ایک مفکرانہ اور مجتہدانہ ذہن سے نوازا تھا اور انھیں جہاد بالقلم کی بے پناہ قوت عطا فرمائی تھی۔ انھوں نے قرآن حکیم اور حدیث شریف کے گہرے مطالعے کے ساتھ ساتھ امریکہ اور یورپ سے برآمد ہونے والے فلسفوں اور نظریوں کا بھی دقت نظر سے مطالعہ و مشاہدہ کیا۔ اور پھر نہایت منطقی اور مدلل انداز میں اسلامی نظریہ و نظامِ حیات کو اجاگر کیا۔ اور ثابت کیا کہ اسلامی نظریہ یورپ کے نظریات -- سرمایہ داری' اشتراکیت' قومیت' نسیت' انسانیت وغیرہ -- کی افراط و تفریط اور تناقضات سے پاک ہے اور پورے کرۂ ارض اور بنی نوع انسان کے لیے سلامتی کا ضامن ہے۔ سید صاحب کے پاس الفاظ' دلائل' معلومات اور اسلامی افکار و اقدار کا ایک سمندر تھا جو ان کے قلم اور 'جماعت اسلامی' کے ذریعے

صفحات پر منتقل ہوتا رہا اور صفحات سے انسانی قلوب و صدور میں جاگزیں ہوتا رہا۔

یہ لٹریچر ہر اس زبان میں موجود ہے جو مسلمان ملکوں میں سمجھی 'بولی اور پڑھی جاتی ہے۔ اس لٹریچر کی گرفت کے اثرات روز روشن کی طرح عیاں ہیں۔ بیسویں صدی کے نامور اور سرکردہ مفکر سید ابوالاعلیٰ مودودی کی تحریریں تحریک اسلامی کے لٹریچر کی روح ہیں۔ ان تحریروں میں سادگی کے علاوہ بے پناہ دلائل کی قوت ہے جو قارئین اور کارکنان کو متاثر کیے بغیر نہیں رہتی۔ پوری اسلامی دنیا کی اسلامی تحریکیں انھیں اپنا رہبر مانتی ہیں۔ ہم جیسے کیسے بھی ہیں 'اسلامی دنیا پاکستان کو ہی اپنا پیش رو تصور کرتی ہے اور اسلام کی فکری قیادت پاکستان کے ہی حصہ میں آتی ہے۔

تحریک اسلامی کا محور و ہدف اصل یعنی قرآن و سنت کی جانب لوٹنا ہے۔ یہی طاقت کا سرچشمہ ہیں اور انھی سے اسلام کا متحرک عمل آغاز پاتا ہے۔ انھیں کسی طور بھی ایک دوسرے سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔ مقام افسوس ہے کہ اس فکر کو ہمارے ملک میں لسانی 'نسلی اور صوبائی عصبیتوں کے ذریعے فعال بننے نہیں دیا گیا۔ اس لیے ہمارا پورا معاشرہ برادری ازم 'علاقہ ازم یا فرقہ پرستی میں تقسیم ہو چکا ہے۔ انھی کی وجہ سے قوم کسی نصب العین کی طرف رخ نہیں کر رہی۔

قرآن و سنت پر مبنی اسلامی دعوتِ فکر کی جہتیں مختلف ہیں۔ پہلی: فکری اور نظریاتی دعوت ' دوسری: اخلاقی اصلاح اور تنظیم 'تیسری: معاشرہ کی اخلاقی بنیادوں پر تشکیل جدید 'چوتھی: سیاسی نظام کی اصلاح اور نئی قیادت کو ابھارنے کی بھرپور کوششیں --- پہلی تین جہتیں جس قدر کامیابی سے ہمکنار ہو رہی ہیں اتنی ہی چوتھی جہت توانائی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے اور صالح سیاست کی طرح ڈالی جا چکی ہے۔

تحریکِ اسلامی کی وجہ سے اسلامی دنیا مختلف چیلنجوں کا مقابلہ کر رہی ہے جس میں جذبے کی سچائی اور پُرعزم ولولے کی چھاپ صاف دکھائی دے رہی ہے۔ خدا کرے تحریکِ اسلامی کے باعث اسلامی دنیا میں جلد از جلد زیادہ سے زیادہ اتحاد 'تنظیم اور یکجہتی پیدا ہو جائے 'وہ اپنا آپ تلاش کرے اور دین و دنیا میں سربلند ہو کر پورے کرۂ ارض کے لیے ایک دفعہ پھر مشعلِ راہ بن سکے۔

جو ہو جائے جہدِ مسلسل سے واقف
وہی زندگی ہے فقط جاودانہ

بُشریٰ رحمٰن

مدیرہ 'وطن دوست' لاہور

اقبال نے ایک بار کہا تھا

تین سو سال سے ہیں ہند کے میخانے بند